نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب اور نجی کھاد کمپنی کے باہمی اشتراک سے ملتان میں کپاس کی اگیتی کاشت بارے میگا سیمینار کا انعقاد

اگیتی کپاس کی کاشت آج سے شروع،10 لاکھ ایکڑ رقبہ پر کاشت کا ہدف مقرر۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور:15 فروری 2025: محکمہ زراعت پنجاب اور نجی کھاد کمپنی کے باہمی اشتراک سے آج ملتان میں کپاس کی اگیتی کاشت بارے میگا سیمینار کا انعقاد ہوا۔ سیمینار میں ممبران صوبائی اسمبلی رانا محمد سلیم، ملک لال محمد جوئیہ، سابق ایم پی اے رانا اعجاز احمد نون نے شرکت کی۔ سیمینار میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی بطور مہمان خصوصی شریک ہوئے۔ سیمینار میں 2 ہزار سے زائد کاشتکاروں نے شرکت کی۔ اس موقع پر سیمنیار سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ کپاس ملکی معیشت میں کلیدی اہمیت کی حامل ہے۔ اس سال کپاس کی اگیتی کاشت کیلئے 10 لاکھ ایکڑ رقبہ کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کپاس کی کاشت کے ہدف کے حصول کیلیے تمام ممکنہ وسائل وذرائع بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ کپاس کی اگیتی کاشت کا آج سے آغاز ہو چکا ہے۔ کپاس کی اگیتی کاشت کے کل ہدف کا قریباً 40 فیصد ملتان ڈویژن میں کاشت ہو گا۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے کپاس کی اگیتی کاشت کرنے والے کسانوں کیلئے 25 ہزار روپے مالی اعانت کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ کپاس کی کلائمیٹ سمارٹ اقسام کی دریافت کیلئے زرعی سائنسدانوں کو خصوصی ٹاسک سونپا گیا ہے۔ اس ضمن میں زرعی ماہرین کو کم از کم 40 من فی ایکڑ پھٹی کی پیداوار والی اقسام دریافت کرنے کا ٹاسک دیا گیا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ معیاری زرعی مداخل کی سستے داموں دستیابی یقینی بنانے کیلئے عملی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ کپاس کی اگیتی کاشت کے ہدف کا حصول یقینی بنانے کیلیے تمام سٹیک ہولڈرز کو عملی کردار ادا کرنا ہو گا۔ کپاس کی اچھی پیداواری صلاحیت کے بیجوں کی مارکیٹوں میں دستیابی یقینی بنائی جا رہی ہے۔ کپاس کی آگاہی مہم میں نجی شعبہ کا تعاون قابل ستائش ہے۔ کپاس کے ہدف کے حصول کیلئے کاشتکاروں کا بھرپور تعاون ضروری ہے۔

سیمینار میں ڈائریکٹر جنرل زراعت عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، ڈاکٹر عامر رسول، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت ڈاکٹر محمد انجم علی، ڈاکٹر آصف علی، صدر کسان اتحاد خالد کھوکھر اور مینجر ایف اے ایس ڈاکٹر سعید اقبال سمیت کاشتکاروں کی کثیر تعداد میں شرکت کی۔

☆☆